Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Urdu)

IV - Semester Examination May - 2015

Paper 15 : Zarai-e-Ablagh aur Tarjuma

پندرھواں پرچہ : ذرائع ابلاغ اور ترجمہ

1025

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

حصہ الف

تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں۔ صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 10x1=10

i) آل انڈیا ریڈیو کا قیام کب عمل میں آیا؟

(الف) 1935 (ب) 1936 (ج) 1940 (د) 1945

ii) ریڈیو کوئز پروگرام کس طرح کا پروگرام ہوتا ہے۔؟

(الف) اہم مسائل پر گفت وشنید (ب) معلومات پر مبنی سوال وجواب

(ج) شخصی انٹرویو (د) کسی خاص موضوع پر تبصرہ

iii) ریڈیو انٹرویو کے لیے کون سی چیز ضروری ہے؟

(الف) تکنیک (ب) ضمنی سوالات (ج) وقت کی قید (د) علمی وادبی شخصیت

iv) ہندوستان میں ٹیلی ویژن کی ابتداء کب ہوئی؟

(الف) 1959 (ب) 1960 (ج) 1961 (د) 1962

v) ٹیلی ویژن کو سیٹلائٹ سے جوڑ کر کس سن میں وسعت دی گئی؟

(الف) 1970 (ب) 1975 (ج) 1980 (د) 1985

vi) 'دریافت اور بازیافت' کس کا مضمون ہے؟

(الف) گوپی چند نارنگ (ب) محمد حسن (ج) جمیل جالبی (د) شمس الرحمٰن فاروقی

vii) 'ترجمہ: روایت اور فن' کے مرتب کون ہیں؟

(الف) نثار احمد قریشی (ب) قمر رئیس (ج) خلیق انجم (د) مرزا حامد بیگ

viii) کس نے کہا کہ ترجمے میں اسلوب کی منتقلی کا بھی اہتمام ہونا چاہیے؟

(الف) محمد حسن عسکری (ب) قمر رئیس (ج) جیلانی کامران (د) رومن جیکبسن

ix) سائنٹفک سوسائٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟

(الف) 1850 (ب) 1857 (ج) 1862 (د) 1864

P.T.O.

x) قرآن کریم کا اردو میں سب سے پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

(الف) شاہ رفیع الدین (ب) شاہ عبدالقادر (ج) شاہ ولی اللہ (د) سر سید احمد خان

حصہ ب

ذیل میں سے کسی پانچ جوابات مطلوب ہیں۔ ہر جواب دوسو (200) الفاظ پر مشتمل ہو۔ **5 x 6 = 30**

1۔ انٹرویو کے طریقِ کار پر روشنی ڈالیے۔

2۔ ہندوستان میں ٹیلیویژن کے آغاز و ارتقا پر مختصر روشنی ڈالیے۔

3۔ ریڈیو پروگرام اور اس کی قسمیں بتایئے۔

4۔ ''رواں تبصرہ'' سے کیا مراد ہے' سمجھایئے۔

5۔ ترجمے میں لسانی اور ثقافتی رکاوٹوں کی نشاندہی کیجیے۔

6۔ ترجمے کے مختلف اصول ونظریات پر جامع نوٹ لکھیے۔

7۔ اردو زبان وادب کے فروغ میں تراجم کے رول پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

8۔ مترجم کی شخصی و علمی خوبیوں سے بحث کیجیے۔

حصہ (ج)

مندرجہ ذیل میں سے کوئی دو سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر جواب کم سے کم ایک ہزار (1000) الفاظ پر مشتمل ہو۔ **2 x 15 = 30**

1۔ اخبار میں کالم کی کیا اہمیت ہے اور اس کی کتنی قسمیں ہیں؟ سمجھایئے۔

2۔ نامہ نگار اور اس کی ذمے داریوں کے بارے میں تفصیل سے لکھیے۔

3۔ ترجمے کے مسائل پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

4۔ ذیل کے انگریزی اقتباس کا اردو میں ترجمہ کیجیے:

Without symbolism there can be no literature; indeed, not even language. What are words themselves but symbols, almost as arbitrary as the letters which compose them, mere sounds of the voice to which we have agreed to translate these sounds by those combinations of letters.

☆☆☆